34609 ۔ میت کو قبر میں کون اتارے گا ؟

سوال

میت کو اس کی قبر میں رکھنے کا زیادہ حقدار کون ہے؟ متعلم یا کہ میت کا ولی؟
اور کیا مرد اور عورت میں فرق ہے؟ اور کیا عورت کے لیے اس کے محرم کی شرط ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

اس کا زیادہ حقدار تو وصی ہے، جب اس کا کوئی وصي ہو(یعنی جس کے متعلق میت نے وصیت کی ہو کہ اسے وہ قبر میں اتارے) اور اگر اس نے وصیت نہیں کی تو پھر اس کے اولیاء میں سے قریب ترین اور پھر اس کے بعد اس کا قریبی، اور اگر وہاں کوئی متعلم ہو تو وہ زیادہ حقدار ہے، اور اگر وہاں کوئی متعلم نہ ہو اور اسے کسی غیر متعلم نے دفن کر دیا تو پھر تعلیم اس سے لی جا سکتی ہے جو متعلم ہو، اور اس کی راہنمائی کی جا سکتی ہے.

اور عورت کے لیے شرط نہیں کہ اسے اتارنے والا عورت کا محرم ہو، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو طلحہ رضی اللہ تعالی عنہ کو اپنی اور عثمان رضی اللہ تعالی عنہ جو کہ ان کی بیٹی کے خاوند بھی تھے کی موجودگی میں اپنی بیٹی کی قبر میں اترنے کا حکم دیا تھا.

صحیح بخاری حدیث نمبر (1342).